1989ء سے مسلسل اشاعت

17 تا 30 مارچ 2023 | شمارہ نمبر 13-12 | جلد نمبر 35

MC - 547 Price Rs. 100/-


# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ


**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

pindo deli
paper producs




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



AQNA
Brands

Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

FOR BOOKING PLEASE CONTACT

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

International Business Management

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010-11

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

ہفت روزہ
# پیپر بزنس
کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وا یگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
قیمت 100 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# فیڈریشن کا وفد عسکری قیادت سے ملاقات کرے گا

## وزیر اعظم ملاقات کا وقت دے کر ملتوی کر دیتے ہیں، اسحاق ڈار نہ پہلے وقت دیتے تھے نہ اب دے رہے ہیں۔ عرفان اقبال شیخ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ملک کے بڑے صنعتکاروں اور تاجروں کی نمائندہ تنظیم ایف پی سی سی آئی نے ملک کی معاشی صورتحال پر عسکری قیادت سے ملنے کا فیصلہ کرتے ہوئے اقتصادی پروگرام پیش کر دیا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے صدر عرفان اقبال شیخ اور دیگر 14 مارچ 2023 کو فیڈریشن ہاؤس میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ملک کی بدترین معاشی صورتحال اور حکومتی کی بے حسی پر پھٹ پڑے۔ ایف پی سی سی آئی کے صدر نے کہا کہ ملک کی معیشت تباہ ہوگئی ہے، تیس سالوں سے یہی لوگ حکومتوں میں ہیں لیکن کوئی پالیسی نہیں ہے، پانچویں بار وزیر اعظم نے ملاقات کا وقت دے کر میٹنگ کو ملتوی کر دیا، اسحاق ڈار نہ ماضی میں وقت دیتے تھے نہ آج دیتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں کوئی پالیسی نہیں ہے اور معیشت تباہ ہوگئی ہے، ہر کوئی سیاست میں لگا ہے، معیشت کی بہتری کے لئے کوئی اقدامات نہیں ہیں، حکومت آئی ایم ایف سے جو بھی بات کر رہی ہے، وہ ہمارے سامنے لائے اور واضح کرے کیونکہ آئی ایم ایف کی تمام شرائط ماننے کے باوجود وہ ہمیں قرض دینے کو تیار نہیں۔ عرفان اقبال نے معیشت کی بدترین صورتحال پر فیڈریشن کا اقتصادی پروگرام بھی پیش کیا اور بتایا کہ آئندہ ہفتہ ہم ملک کی معاشی صورتحال کے حوالے سے عسکری قیادت سے ملاقات کریں گے۔ پریس کانفرنس میں سابق صدر ایف پی سی سی آئی ناصر حیات مگوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے 5 مرتبہ ملاقات طے کی، مگر ملاقات نہیں کی۔

# ٹشو پیپر سمیت متعدد درآمدی اشیاء پر 25 فیصد سیلز ٹیکس عائد۔ ایس آر او 297 کا اجرا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے درآمدی اشیاء پر 25 فیصد سیلز ٹیکس کی وصولی کے لئے ایس آر او 297 کا اجراء کر دیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری کئے جانے والے ایس آر او 297 کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کو اپ ڈیٹ کرتے ہوئے 25 فیصد کی نئی سیلز ٹیکس کی شرح شامل کی گئی ہیں۔ ایف بی آر نے 23 فروری 2023 کو منی بجٹ ایکٹ 2023 کے ذریعے متعارف کروائی جانے والی سیلز ٹیکس کی نئی شرح کا نفاذ کرتے ہوئے سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 میں ترامیم کیں، واضح رہے کہ موجودہ حکومت نے سیلز ٹیکس کی شرح 17 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کر دی ہے اور لگژری اشیاء کی فراہمی پر 25 فیصد سیلز ٹیکس کی شرح بھی متعارف کروائی ہے۔ سیلز ٹیکس کی شرح کو بڑھانے کا مقصد بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی شرائط کو پورا کرنے کے لیے اضافی آمدنی پیدا کرنا تھا۔ سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کے سیکشن 3 میں ٹیکس کے دائرہ کار اور اس کی وصولی کی وضاحت کی گئی ہے۔ ایس آر او 297 میں وضاحت کی گئی ہے کہ وفاقی حکومت نے سیلز ٹیکس کی شرح میں اضافہ کرتے ہوئے 25 فیصد کر دیا ہے اور یہ 25 فیصد سیلز ٹیکس کی وصولی متعدد اشیاء کی درآمد پر اور اسی طرح سپلائی اور ریٹیل پر وصول کی جائے گی۔ ایف بی آر نے ایس آر او 297 میں 36 درآمدی اشیاء میں شامل مختلف قسم کے پانی اور جوسز، کنفیکشنری، گاڑیاں سی بی یو کنڈیشن، سینٹری اینڈ باتھ روم ویئرز، قالین، فانوس اور روشنی کے آلات، چاکلیٹ، سگریٹ، سیگار، کارن فلیکس، کاسمیٹکس اینڈ شیونگ آئٹمز، ٹشو پیپر، کراکری کیچن اینڈ ٹیبل ویئر، ڈیکوریشن آئٹمز، دروازہ اور کھڑکیوں کے فریم، مچھلی، فٹ ویئر، فروٹ اینڈ ڈرائی فروٹ، فرنیچر، ہوم اپلائنسز، آئس کریم، جیم جیلی، فروٹ اور سبزیوں کے جوسز، لیدر جیکٹس، میٹرسز، فریش، چلڈ، فروزن گوشت، میوزیکل آلات، پاستا، اسلحہ و بارود، شیمپو، چشمے، ٹماٹو کیچپ اینڈ سوسز، سفری بیگ اور سوٹ کیس، مصنوعی زیورات اور گھڑیوں پر 25 فیصد کے تناسب سے سیلز ٹیکس وصول کیا جائے گا۔

# کوالٹی کنٹرول اتھارٹی کے سرٹیفکیٹ سے مشروط درآمدی کنسائنمنٹس کی کلیئرنس پی ایس ڈبلیو پر منتقل

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان اسٹینڈرز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (پی ایس کیو سی اے) کے سرٹیفکیٹ سے مشروط مکھن، شہد، سرخ مرچ، پام آئل سمیت 159 اشیاء کے درآمدی کنسائنمنٹس کی کلیئرنس کو پاکستان سنگل ونڈو سے منسلک کر دیا گیا ہے جس میں درآمدی کنسائنمنٹس کی کلیئرنس کے لئے 17 مارچ 2023 سے سنگل ڈیکلریشن فائل کی جاسکے گی، پاکستان سنگل ونڈو کی جانب سے ایک مکتوب شائع کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اب بندرگاہ اور ایئر پورٹ پر درآمد ہونے والے وہ کنسائنمنٹس جن کی کلیئرنس کے لئے پی ایس کیو سی اے کا سرٹیفکیٹ درکار ہو گا ان کی کلیئرنس کو ویبوک سسٹم سے پاکستان سنگل ونڈو سسٹم سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ دستاویز کے مطابق پی ایس کیو سی اے کے دائرہ کار میں آنے والی متعلقہ شدہ اشیاء کی درآمد کرنے والے درآمد کنندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ پی ایس ڈبلیو سسٹم کے ذریعے پی ایس کیو سی اے سے الیکٹرانک ریلیز آرڈر کے اجراء کے لیے سنگل ڈیکلریشن 17 مارچ 2023 سے فائل کریں اور درآمدی کنسائنمنٹس کی کلیئرنس پاکستان سنگل ونڈ کے ذریعے کریں۔

## ضروری اعلان

رمضان المبارک کی آمد اور اوقات کار میں کمی کے باعث ہر سال کی طرح امسال بھی ہفت روزہ پیپر بزنس کا شمارہ ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد انشاءاللہ 31 مارچ 2023ء کو شائع ہوگا۔ مشتہرین اور قارئین کرام نوٹ فرمائیں۔ (ادارہ)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کسٹمز نے سیکیورٹیز کی رقم واپسی کے طریقہ کار کا میکنزم ترتیب دیدیا

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان کسٹمز نے ٹریڈ سیکٹر کی سہولت کیلیے جمع کرائی جانے والی اضافی ادائیگیوں، عدالتی مقدمات سمیت مختلف مدوں میں جمع ہونے والی سیکیوریٹیز کی رقم کی واپسی کے طریقہ کار کا میکنزم ترتیب دیتے ہوئے رقوم کی واپسی کے دعویداروں کیلیے طریقہ کار کی وضاحت جاری کردی ہے۔ پاکستان کسٹمز اپریزمنٹ ایسٹ ہیڈکواٹر کے ایڈیشنل کلکٹر عرشفیق کے دستخطوں سے جاری ہونے والے آفس آرڈر نمبر 23 کے مطابق پاکستان کسٹمز نے کسٹمز ایکٹ کی دفعات کے تحت رقم کی واپسی کے دعویداروں کیلیے طریقہ کار میں آسانی پیدا کرنے کے مقصد سے کیا ہے جس میں مختلف نوعیت طریقے وضح کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں درآمدکنندگان کی جانب سے جمع کی جانے والی اضافی ادائیگیوں، عدالتی مقدمات، مختلف مدوں میں جمع کی جانے والی سیکوریٹریز کی رقم کی واپسی کے طریقہ کار کا تعین کیا گیا ہے۔ آفس آرڈر کے مطابق درآمدکنندگان کی جانب سے جمع کی جانے والی اضافی ادائیگیوں کی واپسی کیلیے درآمدکنندہ/ مالک یا اس کا مجاز کلیئرنگ ایجنٹ متعلقہ گروپ کے اسسٹنٹ کلکٹر/ ڈپٹی کلکٹر مقررہ مدت کے دوران کسٹمز ایکٹ کی شق 33 کے تحت وی بوک سسٹم کے ذریعے درخواست جمع کرانی ہوگی جبکہ ایسے کیس جس میں درآمدکنندگان کنسائمنٹس کے کسٹمز ایریا سے ہٹانے کے بعد ریفنڈ کلیم کریں گے اسی صورت میں درآمدکنندگان کو یہ بھی ثابت کرنا ہوگا کہ کسٹم ڈیوٹی ودیگر محصولات خریدار یا صارف پر عائد نہیں کیے گئے ہیں۔ بعدازاں متعلقہ گروپ رقم کی واپسی کیلیے جمع شدہ درخواست کی جانچ پڑتال کے بعد فائل آر اینڈ ڈی سیکشن، ریکوری اور آڈٹ سیکشن کو بھیج دی جائے گی تاکہ اس کی درست انداز میں جانچ پڑتال ہوسکے۔ آفس آرڈر کے مطابق ایسے کنسائمنٹس جو کسی وجہ سے کلیئر نہیں ہوسکے ہوں، اس کنسائمنٹ کا اصل مالک اس کی نیلامی سے قبل متعلقہ اسسٹنٹ یا ڈپٹی کلکٹر آکشن کو درخواست دے گا اور اسسٹنٹ وڈپٹی کلکٹر نیلام کی گئی اشیا کی اصل ملکیت کی جانچ پڑتال کے بعد نیلامی سے حاصل ہونے والی رقم کو منظور کرے گا۔

## کسٹم حکام بتائیں ہر چیز کو کیسے روک لیتے ہیں؟ جسٹس عائشہ ملک

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عدالت عظمٰی نے " پاکستان کسٹم کے دائرہ اختیار " سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران فریقین مقدمہ کے وکلاء کو آئندہ سماعت پر پاکستان کسٹمز کے دائرہ اختیار سے متعلق قوانین پر تیاری کر کے آنے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت آئندہ عدالتی ہفتہ تک ملتوی کردی، جسٹس عائشہ ملک نے پوچھا کہ کسٹم حکام بتائیں ہر چیز کو کیسے روک لیتے ہیں؟، چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جسٹس عائشہ اے ملک اور جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی پر مشتمل تین رکنی بینچ نے جمعرات 9 مارچ 2023 کیس کی سماعت کی تو جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی نے کہا کہ اگر پولیس کسی کو گرفتار کرکے کسٹم حکام کے حوالے کرتی ہے؟ تو کیا یہ اس کا دائرہ اختیار بنتا ہے ؟ جس پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ جی ہاں یہ کسٹم حکام کا دائرہ اختیار بنتا ہے، جسٹس عائشہ ملک نے استفسار کیا کہ ایسی کاروائیاں پاکستان کسٹم کے دائرہ اختیار میں کیسے آسکتی ہیں؟

## حکومت اور تاجر برادری کا باہمی تعاون ضروری ہے، گورنر سندھ

کراچی (نیوز ڈیسک ( گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ معاشی صورتحال سے نبردآزما ہونے کے لئے حکومت اور تاجر برادری کا باہمی تعاون ضروری ہے، صنعت کار ، تاجر اور کاروباری حضرات پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہیں، مشکل حالات میں بھی تجارتی ، کاروباری سرگرمیاں کا جاری رکھنا انتہائی متاثر کن تھا یہ بات خوش آئند ہے کہ تاجر برادری سماجی شعبہ جات اور فلاحی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ صوبہ میں کئی فلاحی ادارے آج ان ہی کی مرہون منت چل رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے طارق سعید ایوینیو کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

## ٹیکسوں، توانائی، شرح سود میں اضافہ سے چھوٹی صنعتوں کی ترقی رک گئی

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان میں ٹیکسوں ، توانائی اور مارک اپ میں ہوشربا اضافہ سے ایس ایم ایز کی ترقی رک گئی ہے اور ایس ایم ای سیکٹر کی تنزلی کا باعث بن رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) کے زیر اہتمام کاروباری برادری کے نمائندوں نے سی ای او سمیڈا فرحان عزیز خواجہ کی صدارت میں منعقدہ ایک پری بجٹ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار سے اختتامی خطاب پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ کے سینئر ماہر معیشت محمود خالد نے کیا۔ دیگر شرکا میں پشاور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمائندے و سابق وزیر صنعت کے پی عدنان جلیل، صنعتکار محمد ہارون، سابق ایڈیشنل سیکرٹری حامد عتیق سرور اور کوئٹہ چیمبر کے وائس پریذیڈنٹ امجد صدیقی سمیت متعدد کاروباری رہنما شامل تھے۔ سی ای او سمیڈا فرحان عزیز خواجہ نے سیمینار کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ معاشی صورت حال نے ایس ایم ای سیکٹر پر شدید منفی اثرات مرتب کئے ہیں۔ جن سے نمٹنے کیلئے کاروباری برادری کی مشاورت مفید ثابت ہوگی۔ آئی ایم ایف کے تناظر میں ہمیں مصر اور سری لنکا کی مثالوں کو سامنے رکھتے ہوئے معاشی بحالی کی حکمت عملی وضع کرنی چاہیے۔ ان دونوں ممالک میں ایس ایم ایز کی بقا کیلیۓ اختیار کئے جانے والے اقدامات پاکستان کیلیۓ مفید ثابت ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ کاروباری برادری کی آئندہ بجٹ کے حوالے سے پیش کردہ تجاویز کو پالیسی ساز محکموں تک ضرور پہنچایا جائے گا۔

## IMF سے رقم کا حصول، پاکستان کو اپریل تک انتظار کرنا ہوگا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کامیاب مذاکرات اور تمام شرائط تسلیم کرنے کے باوجود انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) سے رقم کے حصول کیلیۓ پاکستان کو اپریل تک انتظار کرنا پڑے گا۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ورچوئل مذاکرات کے بعد وزرات خزانہ کے حکام نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی شرائط پر مکمل عملدرآمد ہوچکا ہے، قوم کو اسی ہفتے اچھی خبر ملے گی، فنڈنگ کے شیڈول کی آئی ایم ایف تصدیق کررہا ہے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے کے لیے
سالانہ شرح =/3000 بیرون کراچی
سالانہ شرح =/2500 کراچی
ہر ہفتے پیپر بزنس کے پرنٹ ایڈیشن کی PDF فائل آپ کے موبائل پر صرف
=/1500 روپے میں



(اس میں کوریئر/ ڈاک چارجز شامل ہیں)





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

CPP Services Private Limited

联强集团 UP GROUP

World Re-known Brands which are under Our Belt and their Product Line.

| | |
|---|---|
| YU YIN | Automatic Die Cutting<br>Foil Printing Machines |
| accura | High-end Slitting & Sheeting Machines |
| FANGBANG | Roll Fed Paper Bag Machines<br>Sheet Fed Paper Bag Machines |
| DLG 德拉根<br>上海德拉根印刷机械有限公司<br>SHANGHAI DRAGON PRINTING MACHINERY CO.,LTD. | Automatic Spot UV Machines<br>Water Base Coating Machines<br>Folder Gluer Machines |
| HHM | High-end Folder Gluer |
| GUOWEI<br>浙江国威智能设备有限公司<br>Zhejiang Guowei Intelligent Equipment Co., Ltd. | Sheeting Machines<br>Guillotine Cutting Machines |
| SHENGTIAN®<br>盛田 | Flute Laminator &<br>Thermal Lamination Machines<br>Water Base Lamination Machines |
| GMB 光明<br>GUANGMING | Thermal Lamination Machines |
| HS MACHINE | Narrow Web Label Printing Machines<br>Plain Label Rotary & Flat Bed Die Cuting Machines<br>& Slitting Machines |

Plot no 18, Sector 26, Industrial Area Korangi, Karachi - Pakistan.

+92-21-35070785-8 Email:info@cpp.com.pk www.cpp.com.pk



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# لاہور ایکسپو میں پانچ روزہ کتب میلے کا انعقاد

## لاہور انٹرنیشنل بک فیئر اور کتاب کلب کے زیر اہتمام میلے میں 200 اسٹال لگائے گئے



کتاب سے محبت اور دوستی بہت ضروری ہے، یہ راہنمائی اور علم کا نہ صرف ذریعہ ہے بلکہ ریاستی اداروں کو مضبوط کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔سوشل اور الیکٹرونک میڈیا کے دور میں بھی کتاب کی اہمیت نہ تو کم ہوئی، نہ ہی اس کا وجود خطرے میں ہے، البتہ اب کتاب کی اشاعت میں بے شمار مشکلات ضرور ہیں، جن میں وقت کے ساتھ اضافہ ہوتا جارہا ہے کاغذ کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ کے باعث پبلشرز نے پچھلے سال کی نسبت کم کتابیں شائع کی ہیں۔گزشتہ دنوں ایکسپو سینٹر لاہور میں پانچ روزہ کتاب میلہ کا انعقاد ہوا۔میلے میں 200 کے قریب اسٹال لگے، ان کے کرایوں میں پچھلے سال کی نسبت اضافہ کیا گیا جس سے پبلشرز کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوا۔میلہ میں کتابوں کی خرید وفروخت کے ساتھ ساتھ کئی ادبی تقریبات بھی منعقد کی گئیں۔بچوں کا کتاب گھر کی جانب سے، بچوں کے ستر لکھاریوں کو لٹریری ایوارڈ بھی دئے گئے، یہ ایوارڈ تین سال سے ادیبوں اور بچوں کے شاعروں کو کتاب میلہ میں دیے جاتے ہیں، جس کے روح رواں فہیم عالم میو ہیں جو خود بچوں کے مصنف ہیں۔کتاب بینی کے رجحانات میں کمی کے اسباب اور حل پر بھی میلے میں تقریب منعقد کی گئی۔لاہور انٹرنیشنل بک فیئر اور کتاب کلب کے زیر اہتمام " کتاب بینی کے رجحان میں کمی کے اسباب اور حل " کے حوالے سے مذاکرے کا انعقاد بھی کیا گیا، جس کی صدارت معروف

**رپورٹ: سید عارف نوناری، لاہور**

سیرت اسکالر ڈاکٹر طارق شریف زادہ نے کی۔ڈاکٹر سعدیہ بشیر، سید اعجاز بخاری، سید عارف نوناری، میاں بابر حمید پبلشر اور ڈاکٹر ماریہ امین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا، کتب بینی کے رجحان میں کمی



بہتر کرنے کے لیے معاشرہ کو کردار ادا کرنا ہوگا اور حکومت کو پبلشرز کے مسائل پر توجہ دینی ہوگی تاکہ کتابوں کی اشاعت میں اضافہ ہو۔اساتذہ اور والدین کو بچوں سے سوشل میڈیا سے دور کرنا بھی ضروری ہے۔تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔مقررین نے کتب بینی کا رجحان کم ہونے پر بات چیت کی، کتابوں کے قاری اساتذہ اور دیگر شرکا نے تجاویز بھی دیں نذیر انبالوی ہمیشہ کی طرح بچوں کی ذہنی نشوونما کو اجاگر کرنے کے لیے متحرک رہتے ہیں۔اس کتاب میلہ میں پانچ روز تک بچوں کی مختلف سرگرمیوں میں اپنی ٹیم کے ساتھ مصروف رہے، اس کے روح رواں فاروق بھٹی تھے، ان کی معاونت مریم فاروق، ڈاکٹر فاطمہ فاروق اور عثمان امجد بھٹی نے کی۔طارق جیکسن اور نذیر انبالوی نے بچوں کے لیے مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا، جس میں ایک کہانی ادھوری، کون کرے گا پوری، آؤ لفظ نگر چلیں، ہوائی لفظ، لکھائی لفظ، آؤ محاورہ نگر چلیں۔طارق جیکسن نے نام ور شخصیات کے لب و لہجے کی نقل کی۔شہزاد اقبال نے میجک شو اور تیلی تماشا پیش کیا۔بچوں کے مابین مصوری اور تقریری مقابلے کروائے گئے۔یہ صحت مند بچوں کی صحت مند سرگرمیاں تھیں۔میلے میں چند کردار ایسے تھے، جہاں نونہالانِ قوم تیلی تماشے سے محظوظ ہوتے اور معروف جادوگر کے کرتب سے لطف اٹھاتے رہے۔کتاب میلہ میں، امر گگن اور شاہد گگن نے قاری کو بے شمار نئی کتابوں سے متعارف کروایا۔سوال یہ ہے کہ یورپ اور دنیا کے دیگر ممالک میں کتاب میلوں میں وہاں کی حکومتیں کتاب بینی میں اضافہ اور پرموشن کے لیے اسٹالوں کا کرایہ نہیں لیتیں یا اگر لیتی ہیں تو ان کی وزارت اطلاعات ادائیگی کرتی ہے۔پاکستان میں ایک طرف کتاب بینی میں اضافہ کا رونا رویا جاتا ہے، جبکہ دوسری طرف پبلشرز اور رائٹرز کو مسائل لاحق ہیں۔بہرحال پانچ روزہ کتاب میلہ مسائل کے ساتھ ساتھ کامیاب بھی رہا اور قاری کو نئے اور مختلف موضوعات پر پڑھنے کے لیے کتابیں بھی ملیں۔(بشکریہ روزنامہ جنگ کراچی)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# مقامی ڈپلیکس بورڈ، مقامی آفسیٹ، آرٹ پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی اور مندی دیکھی گئی اور 15 مارچ 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں نیو یا آرٹ پیپر گلوس /میٹ ، مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر، مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ اسٹیکر پیپر کے مختلف برانڈز میں کمی بیشی دیکھنے میں آئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو رد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 530 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 530 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر تمام سائز 250 تا 350 گرام، 186 روپے سے بڑھ کر 202 روپے اور تمام سائز 350 گرام، 186 روپے سے کم ہوکر 202 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 300 اور 350 گرام 212 ، روپے سے کم ہوکر 210 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 اور 68 گرام ، 300 روپے سے بڑھ کر 310 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1440 روپے سے بڑھ کر 1450 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 1440 ، روپے سے بڑھ کر 1450 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 65 گرام 1300 ، روپے سے بڑھ کر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام A3 ، سائز 2800 روپے سے بڑھ کر 3000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام ، 1550 روپے سے بڑھ کر 1660 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 6400 روپے سے کم ہوکر 6100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ 20x30 ، سائز، 6300 روپے سے بڑھ کر 6800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز ، 6300 روپے سے کم ہوکر 6200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز ، 6000 روپے سے بڑھ کر 6200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز ، 6500 روپے سے کم ہوکر 6400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## ڈالر کی قیمت ایک بار پھر بڑھ گئی

انٹربینک میں ڈالر کی قیمت میں اضافے کا تسلسل بدھ 15 مارچ کو بھی جاری ہے، جس کے بعد روپے کی بے قدری جاری ہے۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز انٹربینک میں ڈالر کی قیمت میں 72 پیسے اضافہ ہوگیا، جس کے بعد امریکی کرنسی کا لین دین 283 روپے میں جاری ہے۔ جبکہ منگل 14 مارچ کو انٹربینک میں ڈالر کی قیمت 282 روپے 28 پیسے ریکارڈ کی گئی تھی۔ ڈیلرز کے مطابق اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت فروخت 285 روپے ہے۔

## بنیادی شرح سود میں مزید اضافے کا اشارہ

حکومت نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے مطالبے پر شرح سود میں مزید اضافے کا اشارہ دیدیا ۔حکومت نے ٹریژری بلز فروخت کرکے بینکوں سے 1570 ارب کا قرض لیا گیا۔ حکومت نے 21 فیصد کی شرح سود پر بینکوں سے قرض اٹھایا۔ اسوقت بنیادی شرح سود 20 فیصد کی بلند ترین سطح پر ہے۔ ترجمان اسٹیٹ بینک کے مطابق قرضوں پر شرح سود میں ایک فیصد سے زائد اضافہ ہوا۔ آئندہ مانیٹری پالیسی کمیٹی کی میٹنگ 4 اپریل کو ہوگی۔ ماہرین کے مطابق حکومتی قرض پر شرح سود بڑھنا مستقبل میں پالیسی ریٹ بڑھنے کا اشارہ ہے۔ یاد رہے کہ آئی ایم ایف کی جانب سے بھی شرح سود مزید بڑھانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ 2 مارچ کو اسٹیٹ بینک نے بنیادی شرح سود 3 فیصد اضافہ کردیا ہے جس کے بعد شرح سود ملک تاریخ کی بلند ترین سطح 20 فیصد پر جا پہنچی ہے۔ اسٹیٹ بینک نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس میں ملکی معیشت کو مدنظر رکھتے ہوئے بنیادی شرح سود میں 3 فیصد اضافے کا فیصلہ کیا گیا۔ اپنے بیان میں اسٹیٹ بینک نے کہا کہ فروری 2023 میں سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 31.5 فیصد پر جا پہنچی ہے۔ حالیہ مالیاتی ایڈجسٹمنٹ اور شرح مبادلہ میں کمی کی وجہ سے افراط زر میں مزید اضافہ ہوا ہے۔

## نیلم جہلم سرچارج کے 9 ارب صارفین کو فوری واپس کریں ، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے نیلم جہلم سرچارج کی مد میں صارفین سے وصول کئے جانے والے 9 ارب روپے سے زائد رقوم فوری طور پر واپس کرنے کی ہدایت کی ہے ، چیئرمین کمیٹی نے وزارت توانائی کی ناقص کارکردگی پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بجلی نہ ہونے کے باوجود بھاری بھرکم بل وصول کئے جارہے ہیں ،صارفین سے وصول زائد رقم بلوں میں ایڈجسٹ کی جائے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# انڈونیشیا: جنوب مشرقی ایشیاء کا پیپر اور پیپر بورڈ کا ٹائیگر

تحریر: محمد رؤف انصاری

## 67 ملیں 5.68 ملین ٹن پیپر اور پیپر بورڈ پیدا کرتی ہیں، کاغذ کا فی کس استعمال 17 کلو ہے، سالانہ برآمدات 14 لاکھ ٹن ہے

جنوب مشرقی ایشیا میں تیزی سے صنعتی ترقی کرنے والے ملک انڈونیشیاء نے گزشتہ ڈیڑھ سال کے دوران پلپ اور پیپر کی برآمد میں اپنا مقام برقرار رکھا اور پرانی اور نئی ملوں نے خود کو قیمتوں کے اعتدال اور ترقی کے باعث خود کو منوایا۔

انڈونیشیاء کی معیشت نے 1995ء اور 1996ء کے ابتدائی مہینوں میں اپنی ترقی کا سفر جاری رکھا۔ جی ڈی پی میں اضافہ کی شرح 8 فیصد رہی جو 1990ء کی دھائی میں سب سے زیادہ شرح ہے۔ فی کس آمدنی پہلی مرتبہ ایک ہزار ڈالر سے تجاوز کر گئی اور اس وقت تک 1023 امریکی ڈالر ہے۔ افراط زر کی شرح کم ہو کر صرف 6.8 فیصد رہ گئی۔ غیر ملکی سرمایہ کاری میں دگنا اضافہ ہوا جو 40 ارب امریکن ڈالر کے برابر ہو گئی جو 1993ء کے مقابلے میں پانچ گنا زیادہ ہے۔

1996ء کے اختتام تک توقع ہے کہ خام قومی پیداوار (GDP) کی شرح ہی برقرار رہے گی اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ کا رجحان رہے گا۔ پلپ اور پیپر انڈسٹری میں گزشتہ 18 ماہ میں زبردست تیزی رہی۔ نئی پیداواری ملیں نہ صرف ملک میں قائم کی گئیں بلکہ انڈونیشی سرمایہ کاروں نے بعض دوسرے ممالک میں بھی ملیں قائم کیں۔

انڈونیشین پلپ اینڈ پیپر ایسوسی ایشن (APKI) کے مطابق 1995ء میں انڈونیشیاء میں 76 میں تھیں۔ ان میں سے 63 ملیں جاوا میں قائم ہیں۔ جن میں سے بعض جنوب مشرقی ایشیا کی سب سے بڑی پیپر ملیں ہیں۔ ان ملوں کی 1995ء میں پیپر اینڈ پیپر بورڈ کی سالانہ پیداواری گنجائش 5.86 ملین ٹن رہی جو جزیرہ سماٹرا کی چار لاکھ 74 ہزار ٹن کی پیداواری گنجائش سے 10 گنا زیادہ ہے۔ جو پیداواری اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے۔ اطلاعات کے مطابق اب لکڑی کی بنیاد پر قائم کی جانے والی پلپملیں Wood Based Pulp Mills اب دوسرے جزائر بالخصوص سماٹرا اور کلمنتان میں قائم کی جا رہی ہے۔ جبکہ سماٹرا میں پہلے ہی 25 لاکھ ٹن پلپ کی پیداواری گنجائش کی مل یہاں قائم ہے جبکہ جاوا میں صرف 330 ہزار ٹن پلپ پیدا ہو رہا ہے اور کلیمنتان میں تین بڑی پلپ ملیں 2000ء تک کام کرنا شروع کر دیں گی جن کی پیداوار 12 سے 15 لاکھ ٹن سالانہ ہو گی۔ اگر ہم 21 ویں صدی پر نظر ڈالیں تو انڈونیشیاء میں سماٹرا اور کلیمنتان پلپ میں نمایاں مقام حاصل کر لیں گے کیونکہ یہاں قریبی جنگلات کے ساتھ ساتھ بڑے پیمانے پر شجر کاری پر کام ہو رہا ہے۔

پیپر اور پیپر بورڈ کے استعمال میں گزشتہ دھائی سے

**یہ آرٹیکل 1996 میں (7 تا 13 دسمبر) میں شائع کیا گیا تھا۔**

مسلسل نمایاں اضافہ ہو رہا ہے اور 1995ء میں یہ 16 فیصد سالانہ تک پہنچ گئی اور اس سال توقع ہے کہ یہ شرح 19 فیصد تک پہنچ جائے گی اور فی کس پیپر کا استعمال 17 کلو تک پہنچ جائے گا اس طرح ملک میں کل کھپت 33 لاکھ ٹن سے تجاوز کر جائے گی۔ گزشتہ سال پیداوار میں 27 فیصد سے زائد اضافہ ہوا جو 38 لاکھ ٹن سے زائد ہے اور اس سال اس میں اضافہ کی شرح تو کچھ کم ہے پھر بھی اس میں 19 فیصد تک اضافہ کی توقع ہے جو 46 لاکھ ٹن سے زائد ہو جائے گی۔

جیسا کہ اعداد و شمار سے ظاہر ہو رہا ہے کہ ملکی پیداوار ملکی طلب کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے اس لئے پیپر میکرز برآمدات کو بڑھانے کی پوزیشن میں ہیں۔ اور انڈونیشیاء کی درآمدات کم ہو رہی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ 1995ء میں درآمدات نصف رہ گئیں جواب 70 ہزار ٹن ہے۔ جبکہ برآمدات میں 40 فیصد اضافہ ہوا جو بڑھ کر اب ساڑھے گیارہ لاکھ ٹن تک پہنچ گئیں۔ جبکہ اس سال توقع ہے کہ اس سال درآمدات 90 ہزار ٹن رہیں گی اور برآمدات 20 فیصد اضافے کے بعد تقریباً 14 لاکھ ٹن تک پہنچ جائیں گی۔

پلپ کی کھپت میں مزید اضافہ ہوا ہے لیکن مطلوبہ پیداواری گنجائش کے مطابق اضافہ نہیں ہو سکا ہے اور گزشتہ ڈیڑھ سال میں پلپ کی برآمد میں اضافہ ہوا ہے لیکن توقع ہے کہ آئندہ دو تین سالوں میں پلپ کی وہ پیداوار جو برآمدات کے لئے مختص ہے ملک میں ہی کھپ جائے گی کیونکہ چند بڑی نئی پیپر کی مشینوں کی تنصیب مرحلہ وار ہو رہی ہے۔

مزید برآں کئی پلپ میں بھی زیر تعمیر ہیں اس لئے یہ توقع بھی کی جاسکتی ہے کہ معمولی ردوبدل کے ساتھ پلپ کی برآمد بھی جاری رہے گی اس وقت بلیچڈ کرافٹ پلپ کی پیداوار میں ایشیا

### Indonesia: General economic data

| ECONOMIC BACKGROUND | | 1991 | 1992 | 1993 | 1994 | 1995 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Land area | million ha | 195 | 195 | 195 | 195 | 195 |
| Forest cover | million ha | 108 | 107 | 105 | 105 | 105 |
| Population | million | 183 | 186 | 190 | 193 | 195 |
| GDP | billion Rp | 227,500 | 259,900 | 302,000 | 352,000 | 441,986 |
| Real GDP growth | % | 6.9 | 6.3 | 6.5 | 7.5 | 8.1 |
| CPI | % increase | 9.4 | 7.6 | 9.2 | 9.6 | 8.6 |
| Exports | fob billion US$ | 29.1 | 34.0 | 36.6 | 40.2 | 45.4 |
| Imports | cif billion US$ | 25.9 | 27.3 | 28.4 | 32.0 | 40.9 |
| Current A/C balance | US$ bn | -4.1 | -3.7 | -2.0 | -2.8 | -6.5 |
| Reserves excl gold | US$ bn | 9.3 | 10.5 | 11.3 | 12.1 | 13.7 |
| Total external debt | US$ bn | 76.1 | 83.8 | 89.5 | 94.6 | na |
| Total ext debt ratio | % | 32.0 | 30.6 | 32.6 | 30.8 | na |
| Currency value | US$1=Rp | 1,950 | 2,030 | 2,087 | 2,163 | 2230 |

Source: EBusiness Monitor International, APKI, Asia Pacific Pulp & Paper

| P&B DATA | | 1991 | 1992 | 1993 | 1994 | 1995 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| No of mills | | | | | | |
| - P&B | | 50 | 55 | 58 | 60 | 7,672 |
| - Pulp | | 16 | 15 | 15 | 17 | 15 |
| Capacity | | | | | | |
| - P&B | 1,000 tonnes | 2,374 | 3,304 | 3,580 | 3,860 | 4,628 |
| - Pulp | 1,000 tonnes | 1,200 | 1,300 | 1,722 | 2,050 | 2,800 |
| Production | | | | | | |
| - P&B | 1,000 tonnes | 1,749 | 2,263 | 2,572 | 3,054 | 3,880 |
| - Pulp | 1,000 tonnes | 802 | 821 | 700 | 1,272 | 2,250 |
| Operating rate | | | | | | |
| - P&B | % | 74 | 68 | 72 | 75 | 83.8 |
| - Pulp | % | 67 | 63 | 41 | 42 | 80.4 |
| Consumption | | | | | | |
| - P&B | 1,000 tonnes | 1,479 | 1,844 | 2,095 | 2,399 | 2,792 |
| - Pulp | 1,000 tonnes | 928 | 1,157 | 1,282 | 1,716 | 1,850 |
| P&B consumption | kg/capita | 8.1 | 9.9 | 11.0 | 12.4 | 14.3 |
| P&B consumption | kt/bn US$ GDP | 12.8 | 14.6 | 14.5 | 14.7 | 14.1 |

Source: APKI, Asia Pacific Pulp & Paper



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

پلپ اینڈ پیپر مل سرفہرست ہے۔

انڈونیشیاء میں موجودہ بلیچڈ کرافٹ پلپ کی پیداوار میں ایشیا پلپ اینڈ پیپر (APP) سرفہرست ہے اور جو اپنی پیداوار کو زیادہ سے زیادہ اپنے ہی پلانٹس پر کھپانے کا پروگرام رکھتی ہے۔ ۱۹۹۷ء میں بلیچڈ کرافٹ پلپ (BKP) کا ایک ساڑھے چار لاکھ ٹن سالانہ کا پیداواری یونٹ پرواننگ سوماٹرا میں شروع ہو رہا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ آئندہ ایک دو سال میں 6 لاکھ ٹن سالانہ کی پیداواری گنجائش کا ایک پلانٹ سراواک میں بھی کام شروع کر دے گا۔ اے پی پی جنوبی چین میں بھی اپنا ایک پلانٹ لگانے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ متعدد پیپر مشینوں کا بھی اضافہ کر رہی ہے جو توقع ہے کہ اس کی تمام پلپ کی تمام اضافی پیداوار کھپانے میں معاونت ثابت ہوں گی۔ بلکہ مزید باہر سے خرید کر اپنی ضرورت پوری کرے، اے پی پی نے اپریل ۹۶ میں ایک پالیسی کے تحت اپنی پلپ ملوں کو پیپر ملوں میں تبدیل کرنا شروع کر دیا ہے۔ جس کے تحت ساڑھے سات لاکھ ٹن سالانہ کی Kerinci مل میں توسیع کا بھی منصوبہ ہے جو ۲۰ لاکھ ٹن سالانہ تک ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ ساڑھے سات لاکھ ٹن سالانہ کی پیداوار کی ایک گرین فیلڈ مل بھی زیر تعمیر ہے جو تین سال میں مکمل ہو جائے گی۔ اس کے ساتھ ہی اے پی پی نے اپنی ایک پلپ مل (Inti Indorayon) کی ڈھائی لاکھ ٹن سالانہ پیپر گریڈ پلپ کو ایک لاکھ ساٹھ ہزار ٹن ریان گریڈ پلپ میں تبدیل کر دیا ہے۔ اس کے ساتھ یہ گروپ انڈونیشیا اور چائنا میں متعدد نئی پیپر مشینیں لگا رہا ہے جو سالانہ ۱۰ لاکھ ٹن پلپ استعمال کریں گے۔ انڈونیشیا کی دیگر پلپ ملز کی صورتحال مندرجہ ذیل ہے۔ اس کے علاوہ اے پی پی تین مشینیں چائنا، انڈیا میں اور ملائیشیاء میں لگا رہی ہے جبکہ اس سال چین کے لئے ایک نئی مشین کا آرڈر دیا گیا ہے اور اس طرح یہ گروپ سالانہ 10 لاکھ ٹن ووڈ فری پیپر اور بکس بورڈ تیار کر رہی ہے۔ مختصر یہ کہ انڈونیشیاء کی پیپر و بورڈ کی فاضل پیداوار کی برآمد کا ہدف ۱۹۹۶-۹۸ء کے لئے دس لاکھ ٹن ہے جبکہ اس کے ساتھ ساتھ مقامی ضروریات میں ۱۵ فیصد بھی اضافہ ہو رہا ہے۔

تاہم یہ بات یقین سے کی جا سکتی ہے کہ انڈونیشیا دنیا میں سب سے کم قیمت پر BKP ووڈ فری پیپر تیار کرنے والا ملک ہے۔

**Indonesia: P&B production, trade & consumption**

| 1,000 tonnes | | | | | | Annual % | change |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| PRODUCTION | 1991 | 1992 | 1993 | 1994 | 1995 | 95/90 | 95/94 |
| Newsprint | 151 | 169 | 254 | 254 | 243 | 9 | -4.1 |
| Printings/writings | 599 | 735 | 876 | 975 | 1,061 | 16.1 | 8.9 |
| Packaging P&B | 972 | 1,312 | 1,374 | 1,730 | 1,984 | 21.1 | 14.7 |
| Other P&B | 27 | 46 | 68 | 96 | 138 | 53.1 | 44.4 |
| **Total** | **1,749** | **2,263** | 2,572 | **3,054** | **3,426** | **19.0** | **12.2** |
| IMPORTS | | | | | | | |
| Newsprint | 23 | 22 | 7 | 4 | 4 | -22.0 | -5.2 |
| Printings/writings | 13 | 17 | 21 | 41 | 26 | 10.4 | -35.8 |
| Packaging P&B | 37 | 36 | 34 | 52 | 47 | 5.7 | -9.5 |
| Other P&B | 42 | 41 | 50 | 75 | 63 | 1.6 | -16.3 |
| **Total** | **115** | **115** | **111** | **171** | **140** | **2.6** | **-18.0** |
| EXPORTS | | | | | | | |
| Newsprint | 1 | 56 | 88 | 66 | 55 | na | -17.5 |
| Printings/writings | 198 | 254 | 312 | 414 | 442 | 31.4 | 6.8 |
| Packaging P&B | 181 | 213 | 176 | 302 | 390 | 38.3 | 29.2 |
| Other P&B | 4 | 10 | 16 | 44 | 38 | na | -13.9 |
| **Total** | **385** | **533** | **592** | **826** | **925** | **37.2** | **11.9** |
| CONSUMPTION | | | | | | | |
| Newsprint | 173 | 135 | 173 | 191 | 192 | 2.4 | 0.6 |
| Printings/writings | 413 | 498 | 585 | 602 | 646 | 9.7 | 7.2 |
| Packaging P&B | 827 | 1,135 | 1,232 | 1,480 | 1,641 | 17.9 | 10.8 |
| Other P&B | 66 | 76 | 102 | 127 | 163 | 17.0 | 28.7 |
| **Total** | **1,479** | **1,844** | **2,092** | **2,400** | **2,642** | **14.0** | **10.1** |

Source: APKI

# سندھ ہائی کورٹ کا ایف بی آر کو کراچی سے وصول کیے گئے ٹیکس کی تفصیلات پیش کرنے کا حکم

کراچی ( بزنس ڈیسک ) سندھ ہائی کورٹ نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور وفاقی اور صوبائی لاء افسران کو گزشتہ تین سالوں کے دوران کراچی سے وصول کیے گئے وفاقی اور صوبائی ٹیکسوں کے اعداد وشمار پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ہائی کورٹ نے حکام سے یہ بھی پوچھا کہ اس ٹیکس کا کتنا حصہ کراچی کی ترقی کے لیے استعمال ہوا؟ یہ ہدایت محمد رمیز خان اور دیگر کی جانب سے عالمی بینک کی مالی اعانت سے چلنے والے 3.6 بلین روپے کے مسابقتی اور رہائشی شہر کراچی (CLICK) منصوبے کے غیر شفاف استعمال کے خلاف دائر کیے گئے مقدمے پر سامنے آئی۔ سندھ ہائی کورٹ نے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کو ہدایت کی کہ وہ اپنے بیان کے تحت ایک درست رپورٹ درج کریں جس میں تفصیلات ہوں کہ گزشتہ تین سالوں کے دوران کراچی شہر سے سروسز اور دیگر صوبائی ٹیکسوں پر کتنا سیلز ٹیکس وصول کیا گیا اور اسے کس حد تک خرچ کیا گیا۔ ہائی کورٹ نے ایف بی آر کے چیئرمین اور ڈپٹی اٹارنی جنرل کو بھی نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک درست گوشوارے جمع کرائیں جس میں گزشتہ تین سالوں کے دوران کراچی شہر سے اکٹھے کیے گئے وفاقی ٹیکس کے اعداد وشمار اور ان میں سے کراچی کی ترقی کے لیے استعمال ہونے والے حصے کے اعداد وشمار پیش کیے جائیں۔ سندھ ہائی کورٹ نے وفاقی اور صوبائی لاء افسران اور ایف بی آر کو ہدایت کی کہ وہ اپنی رپورٹس ٹیبلر فارم میں جمع کرائیں۔ اس نے کہا کہ رپورٹس میں امریکی ڈالر کے اعداد وشمار بھی ہونے چاہئیں۔ جسٹس محمد فیصل کمال عالم کی سربراہی میں ہائی کورٹ کے سنگل بنچ نے ریمارکس دیے کہ یہ معاملہ کراچی شہر کی بہتری سے متعلق ہے۔ ہائی کورٹ نے کچھ مدعیان کی درخواست بھی مسترد کر دی جو مقدمہ واپس لینا چاہتے تھے، یہ مشاہدہ کرتے ہوئے کہ یہ تمام معاملات واضح طور پر مفاد عامہ کی عرضی کے دائرے میں آتے ہیں اور درخواست کے مطابق اسے واپس لینے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ایس ایچ سی نے مشاہدہ کیا کہ ان معاملات میں کچھ سوالات کے جوابات دینے تھے، جس کی وجہ سے ان سوٹوں کو واپس لینے کی درخواستیں منظور نہیں کی جا سکیں۔ بنچ نے عدالت کی معاونت کے لیے سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر کو آئندہ سماعت کے لیے نوٹس بھی جاری کر دیا۔ ایک کے علاوہ تمام مدعیان کے وکیل نے کہا کہ وہ سوٹ واپس لینا چاہتے ہیں اور اپنے دلائل کی حمایت میں ڈی ایچ اے کیس کا حوالہ دیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آئی ایم ایف سے معاہدے کے بعد ہی درآمدی پابندیوں میں نرمی کی جائے گی، گورنر اسٹیٹ بینک

اسلام آباد(بزنس ڈیسک) گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ درآمدات پر قابو پانے کے لیے کیے گئے اقدامات کے بعد جاری مالی سال کے لیے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 7 ارب ڈالر رہنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ گورنر نے سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے جائزے کی تکمیل کے بعد درآمدی پابندیوں میں نرمی کی جائے گی کیونکہ یہ پالیسی زیادہ عرصے تک جاری نہیں رہ سکتی۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے جائزے میں تاخیر کی وجہ سے کم آمد، بین الاقوامی مارکیٹ میں اشیاء کی زیادہ قیمتیں اور یوکرین روس جنگ بیرونی اکاؤنٹ پر دباؤ اور افراط زر میں اضافے کی بڑی وجوہات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پالیسی ریٹ میں 300 فیصد بیس پوائنٹس کا اضافہ آئی ایم ایف کے مطالبے پر نہیں کیا گیا، انہوں نے مزید کہا کہ فنڈ کے ساتھ اسٹاف لیول ایگریمنٹ کو حتمی شکل دینے کے قریب ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے مزید کہا کہ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں قرضوں کی ادائیگی کی مد میں 2.4 بلین ڈالر کا اخراج ہوا ہے جبکہ ایک سال پہلے کی اسی مدت میں 6.3 بلین ڈالر کی آمد تھی۔ انہوں نے کہا کہ رقوم کے بہاؤ میں کمی آئی ایم ایف پروگرام کے زیر التواء نظر ثانی کی وجہ سے ہوئی اور امید ہے کہ بجٹ کی آمد دوسری ششماہی میں جائزہ کی تکمیل کے بعد عمل میں آئے گی، اس طرح زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کا دباؤ دو سے تین ماہ تک رہے گا اور اس سال کے اوسط میں مہنگائی 26.5 فیصد رہے گی، گورنر اسٹیٹ بینک نے مزید کہا کہ اب تک ترسیلات زر میں 2 بلین ڈالر کی کمی ہوئی ہے اور یہ گزشتہ مالی سال کے 31 بلین ڈالر کے مقابلے میں جاری مالی سال کے لیے 29 بلین ڈالر رہنے کا تخمینہ ہے۔ کمیٹی نے ڈالر کی قیمت میں اتار چڑھاؤ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈالر کی اصل قیمت برقرار رکھنا ریگولیٹر کی ذمہ داری ہے اور اسے بلیک مارکیٹنگ اور اسمگلنگ کے خلاف اقدامات کرنے چاہیے تھے۔ کمیٹی نے حالیہ عرصے میں افغانستان اسمگل کیے گئے ڈالر کی تفصیلات طلب کیں۔ کمیٹی ارکان نے کہا کہ ڈالر کی افغانستان اسمگلنگ اور کالے دھن کا کاروبار اب شیر خوار بچوں کے ذریعے ہو رہا ہے۔ کمیٹی نے اوپن مارکیٹ اور انٹر بینک میں ڈالر کے ریٹ میں فرق کے مسئلے کو سنجیدگی سے حل کرنے کی سفارش کی۔ کمیٹی کے چیئرمین نے سفارش کی کہ افغانستان کے ساتھ روپے کی تجارت کی بجائے یا تو ڈالر سے بدل جائے یا بارٹر ٹریڈ کی جائے کیونکہ افغانستان کے ساتھ روپے میں تجارت بھی بیرونی کھاتوں کے دباؤ کا باعث بن رہی ہے۔ سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ ترسیلات زر، ایف ڈی آئی اور برآمدات میں کمی واقع ہوئی ہے جبکہ ملکی قرضے قرضوں میں اضافہ کر رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ درآمدات کمپریشن اور پالیسی ریٹ انڈسٹری کو نقصان پہنچا رہے ہیں اور برآمدات اور برآمد کنندگان عالمی مارکیٹ میں مقابلہ کرنے سے قاصر ہیں۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے چیئرمین سلیم مانڈوی والا نے کہا ہے کہ کراچی اور پشاور میں ڈالر ریٹ میں 10 روپے کا فرق ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت ہوا۔ ڈالرز کی افغانستان اسمگلنگ کے حوالے سے بلوم برگ کی رپورٹ گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کمیٹی کو بتایا کہ ضروری درآمدات پر زیادہ عرصہ بندش برقرار نہیں رکھ سکتے، آئی ایم ایف کے ساتھ اقتصادی جائزہ مکمل ہونے کے بعد درآمدات پر پابندیاں نرم کی جائیں گی۔ کمیٹی چیئرمین سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ کراچی اور پشاور میں ڈالر ریٹ میں 10 روپے کا فرق ہے، کراچی کے مقابلے اسلام آباد راولپنڈی اور خیبر پختونخوا میں ڈالر مہنگا ہے، اس کی وجہ ڈالر کی افغانستان اسمگلنگ ہے۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ روپے میں تجارت کی وجہ سے ڈالر کی اسمگلنگ ہو رہی ہے، افغانستان کے ساتھ روپے کے بجائے ڈالر یا بارٹر سسٹم کے تحت تجارت کی جائے۔ سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ ملک میں ڈالر کی قلت ہے لیکن ایک بارڈر سے ہر روز 5 ملین ڈالر تک باہر جا رہے ہیں۔ کمیٹی ارکان کے استفسار پر گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ ڈالر کی اسمگلنگ روکنے کیلئے ایف آئی اے اور کسٹمز سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں سے رابطے میں ہیں۔

## سیالکوٹ میں اسٹیٹ بینک کی نئی عمارت کا افتتاح

کراچی (نیوز ڈیسک) اسٹیٹ بینک کے گورنر جمیل احمد نے سیالکوٹ میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان، بینکنگ سروسز کارپوریشن (بی ایس سی) کی نئی عمارت کا افتتاح کر دیا۔ اس نئی عمارت کے افتتاح سے بی ایس سی علاقے کے اسٹیک ہولڈرز کی بڑھتی ہوئی اُن ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہو جائے گی جن کا تعلق بینکاری اور بینکاری سے متعلق ٹیکنالوجی کی خدمات سے ہے۔ گورنر نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے زور دیا کہ ایس بی پی بی ایس سی کا بنیادی مقصد اپنے اسٹیک ہولڈرز کی خدمت کرنا ہے اور اس مقصد کی تکمیل کے لیے ایس بی پی بی ایس سی خود کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کرنے کے عمل سے گزر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکنالوجی پر ایس بی پی-بی ایس سی کی بھرپور توجہ ملک میں ڈیجیٹل بینکاری کے لیے اس کی کوششوں کے ساتھ ہم آہنگ ہے، اور اس سلسلے میں ادارہ اپنے آپریشنز کو خودکار بنانے کے لیے کوشاں رہا ہے جن میں فاریکس کیسز کی ریگولیٹری منظوری کے لیے خودکار سسٹم، مختلف اکاؤنٹس اور اپرول سسٹمز کو مرکزی بنانا، بینکنگ ہالز میں ای-کیو ایم ایس اور ڈیجیٹل اسکرین کی تنصیب اور سی ٹی وی کوریج شامل ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اسٹیٹ بینک حکومت، بینکوں، کاروباری اداروں، اور عوام کو بلاتعطل اور موثر خدمات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ گورنر نے پاکستان کی کاروباری برادری کو سہولت دینے کے اسٹیٹ بینک کے عزم کو بھی دہرایا اور مرکزی بینک کی طرف سے دی گئی مختلف اسکیموں کا حوالہ دیا۔ ایس بی پی بی ایس سی کے مینیجنگ ڈائریکٹر محمد اشرف خان نے اپنے خطاب میں ایک خاص مقصد کے تحت بی ایس سی آفس سیالکوٹ کی نئی عمارت کو تعمیر کرنے کے اقدام کی تفصیلات اور شہر اور علاقے کے حوالے سے اس کی افادیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیالکوٹ آفس، علاقے کے کاروباری اداروں اور بینکوں کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے تاکہ ایس ایم ایز، کاروباری خواتین، کاشت کاروں اور کم آمدنی والے افراد کی مالی خدمات تک رسائی بڑھائی جائے۔ اس موقع پر گورنر نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمائندوں سے ملاقات کی اور انہیں ان کے کاروبار کی ترقی میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## انڈس موٹرز کا گاڑیوں کی قیمتوں میں 20 لاکھ تک کا اضافہ

